percentڈیویلپمنٹ سائیڈ پر جارہا ہے تو جتنا ہم Current sideکو Heavyکریں گے وہ یادرکھیں تو جو ضروری ڈیویلپمنٹ سکیمز ہیں جن کے بارے میں ایوان میں ہر بندہ یہاں پر آج بات کر رہا ہے، وہ سکیمز ہماری جو ہیں ان کیلئے پھر ہمارے پاس پیسے نہیں ہونگے۔ دوسری، یہ Factsہیں کہ جو گورنمنٹ سرونٹس کی ہم بات کرتے ہیں، ہم نے کورونا وائرس کے Environment میں اس وباء کی وباء کے Environmentمیں ہم نے چیزوں کو دیکھنا ہے اور بجٹ اس کے Accordingly بنانا ہے۔ اگر ہم گورنمنٹ سرونٹس کی بات کرتے ہیں تو ان کی On average Salaries تقریباً 50 percentمارکیٹ سے زیادہ ہیں، ان کی Job Security Existکرتی ہے، اگر ہم یہ Trade off کرتے ہیں کہ ہم کہیں نہیں، انکی آپ Salary بڑھائیں تو Then we will have cut، جو Resourcesہم ڈال رہے ہیں، ان لوگوں کو جو Resourcesہم دے رہے ہیں، وہ لوگ جو Daily wages workers ہیں جن کی Job Security نہیں ہے، جن کی Daily incomeاتنی نہیں ہے کہ وہ اپنا روزگار رکھ سکیں۔ اس کے علاوہ جو پرائیویٹ بزنسز ہیں جو دن بدن بند ہوتے جارہے ہیں اور جن کو Riskاور Financial crunchآرہا ہے، ہمارے پاس پھر وہ فنڈز نہیں ہونگے کہ ہم وہاں پر فنڈز لگا سکیں اور جو گورنمنٹ سروس کے اندر بھی، ان شاء اللہ مجھے یقین ہے کہ وہ لوگ جو اس چیز کو اس Realityکو دیکھ رہے ہیں، وہ ان شاء اللہ اس Decision میں ہمارے ساتھ ہیں، یہ Tough decisionہے جو ساروں نے لیا ہے، تو ان کی یہ Wishful thinkingہمیں کوئی راستہ بتادیں جہاں سے فنڈ Saveہو سکتا ہے تو بالکل اسکے بعد اس پر بات ہو سکتی ہے لیکن یہ Wishful thinkingجو Cost effectہوگی، ان لوگوں کو پھر یہ لوگ بتادیں کہ ہمارے پاس پرائیویٹ سیکٹر کیلئے پھر پیسے نہیں ہونگے، کسی بھی انکے Jobاور انکی جو سیکورٹی ہے ان کیلئے۔ اسکے علاوہ میں آخری Main issueپر آتا ہوں Merged areasکے حوالے سے، Merged areasکے حوالے سے تھوڑا سا I thinkکیونکہ ایوان میں بہت سے لوگوں کی Merged areasکے اوپر جو توجہ ہے وہ پچھلے سال دو سے ہوئی ہے لیکن میں تھوڑی تاریخ میں I want to give lesson in history for the merged areas. تین Realitiesہیں جن کے اوپر یہ حکومت Faceتھی جب Mergerہوا اور ابھی جب ہمیں جب فنڈز لگانے پڑے، ایک بات یاد رکھیں Merger last dayپر کیا گیا، پچھلی حکومت کو اپنے پہلے دن سے یہ پتہ تھا کہ ہم نے اس علاقے کو Mainstreamکرنا ہے، I personally was involved

They ،لیکن انہوں نے Legislatively کوئی Changes نہیں لے کے آئیں، in that process waited for the last day، کوئی System capacity انہوں نے نہیں بڑھائی، کوئی ایک روپیہ Extra اس علاقے میں نہیں لگایا، آخری دن پر Merger کیا تو ظاہری بات ہے جب نئی حکومت آئے گی ، انہوں نے For example زمین نہیں خرید سکتے تھے، لینڈ ریکارڈ میں ہمیں Changes کرنی پڑیں، مطلب لینڈ جو Laws ہیں، اس میں Changes کرنی پڑیں، سسٹم کی Capacity کو بڑھانا پڑا، تو جو لوگ پوچھ رہے ہیں کہ پہلے دن سے پیسے کیوں نہیں لگے تو یہ اسکی ایک وجہ جو ہے وہ یہ ہے۔ دوسری وجہ اس علاقے میں آپکو بتاتا چلوں، شاید بہت سے لوگوں پتہ نہ ہو، یہ پہلی بار نہیں ہے کہ Merged اضلاع کیلئے فنڈز یا ڈیویلپمنٹ پیسے آئے ہیں، اس سے پہلے بھی 2010-11 وغیرہ میں جب یہاں پر Donors کی طرف سے اربوں ڈالر آئے ہیں، روپے نہیں ڈالر آئے ہیں، اربوں کے حساب سے، اس علاقے میں آج کوئی قبائلی یہاں پر میرا دوست مجھے بتادیں کہ وہاں پر آپکو کام نظر آتا ہے جو کام ہوا ہو، کہیں نظر نہیں آتا، وہ پیسے کدھر گئے کیونکہ وہاں پر کرپشن تھی، Monitoring evaluation کے سسٹمز نہیں تھے، وہ سسٹمز ہمیں ڈیویلپ کرنے پڑے، اس پر بھی ٹائم لگتا ہے۔ تیسری سب سے ضروری چیز اے آئی پی کی جتنی بھی سکیمز تھیں، وہ ساری نئی سکیمز تھیں، جس طرح منسٹر فنانس صاحب نے کل کہا کہ یہ شروع میں سکیمز کا پی سی ون بنانا، اسکے بعد انکی Approval کرنا، انکی Tendering کرنا، اگر آپ باقی علاقوں میں دیکھتے ہیں، باقی صوبوں میں دیکھتے ہیں، وہ اسلئے ہوتا ہے کہ وہاں پر Ongoing Spend سکیمیں ہوتی ہیں، یہ ساری نئی سکیمیں بنی ہیں، تو ظاہری بات ہے کہ وہ پہلے چھ مہینوں میں وہ تیاری کرنے میں ٹائم لگا، اسکے بعد Month on month spending آپ دیکھیں Covid سے پہلے تک، تو ان شاء اللہ کافی تیز ہو چکا تھا اور ہماری Spending کافی اچھی جارہی تھی، Covid کی وجہ سے Break آیا لیکن وہ دوبارہ ہم نے اس کو Take off کر دیا ہے، اس میں کچھ سکیمیں، کچھ Answers میں کرنا چاہونگا، جو کوسچنز یہاں پر Raise ہوئے Merged اضلاع کے حوالے سے، ایک ہوا کہ ہمارا Water level بہت Low ہوتا جارہا ہے، Water level کے حوالے سے سولہ وہاں پر سال ڈیمز بن رہے ہیں، کرم تنگی ڈیم بن رہا ہے، باڑہ ڈیم بن رہا ہے، جاواڈیم بن رہا ہے، مہمند ڈیم بن رہا ہے، چک ڈیم میں دو ارب روپے رکھے گئے ہیں، تو یہ میرے خیال سے اگر یہ Investment آپ دیکھ لیں تو یہ Previous جتنی بھی Investments ہیں، وہ ساری سے زیادہ ہیں۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: غزن جمال صاحب۔

معاون خصوصی برائے محصولات: سر، بس ایک منٹ، میں Windup کرتا ہوں۔ ممند کے حوالے سے میں ایک بات بتاتا چلوں، ان کی بات بالکل ٹھیک ہے وہاں پر سکیمز رکی ہوئی ہیں لیکن اس کا جواب میرے خیال سے یہ خود بہتر دے سکتے ہیں کہ کورٹ کیسز انہوں نے وہاں پر کئے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے کورٹ آرڈر کی وجہ سے وہاں پر سکیمز نہیں ہو پا رہی ہیں، تو اس میں حکومت کے ہاتھ بندے ہوئے ہیں، وہ کورٹ کیسز یہ لوگ واپس لے لیں تو ان شاء اللہ ان علاقوں میں بھی جو کام ہے وہ بھی شروع ہو جائیگا۔ میں جی اس کے بعد ایک چیز بڑے واضح طور پر کہنا چاہتا ہوں کہ قبائلوں کے پرابلمز پچھلے ایک دو سالوں سے شروع ہوئے، پچھلے ستر سالوں سے زیادہ ہمیں Neglect کیا گیا اس علاقے کو، جو پچھلی حکومتیں آئی ہیں، میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے اپنی حکومت میں قبائلوں کیلئے کتنے پیسے رکھے، آج کے دور میں بھی این ایف سی کے Through ہمیں نہیں مل رہے، فیڈرل گورنمنٹ Direct transfer کر رہی ہے، پچھلی حکومتیں یہ Direct transfer کیوں نہیں کر رہی تھیں، اسحاق ڈار صاحب کی حکومت میں انہوں نے ایک دفعہ سو ارب روپے رکھے، Allocation releases zero، ایک روپیہ قبائلی علاقوں کے لئے نہیں دیا، اس کے بعد انہوں نے Allocation بھی نہیں ڈالی، تو یہ ان کا جو ہے کہ بھئی ہمارے علاقے کو پیسے ملنے چاہئیں، وہ ملنے چاہئیں ان شاء اللہ یہ حکومت دے بھی رہی ہے، Allocate بھی کر رہی ہے، وہاں پہ ہم Spending بھی کر رہے ہیں But I take it with pinch مطلب with pinch of salt کہ پہلے جب ان کے پاس اختیار تھا، اس زمانے میں کیوں نہیں خیال آیا کہ اب جو ہے وہ سارا خیال آ رہا ہے؟ Sir, last ایک پوائنٹ میں بات کرنا چاہونگا اور میں یہ بھی واضح کہہ دوں کہ اس زمانے میں Global Financial Crisis بھی نہیں تھا جس طریقے سے آج یہ حکومت گزر رہی ہے، اس کے باوجود فاٹا کو اپنا حق دیا گیا ہے، اس میں Reduction نہیں کی Development Fund کی سائیڈ کے اوپر۔ تو یہ جو ہے اس میں میں واضح یہ اگر اپنے آپ کو Redeem کرنا چاہتے ہیں این ایف سی ایوارڈ میں جو ہے جو ان کے ممبرز ہیں وہ Agree کر لیں کہ ہم شیئر دینے کے لئے تیار ہیں تو ان شاء اللہ وتعالیٰ ہمیں اب این ایف سی کے اندر جو ہمارے صوبوں کے اندر ہمارا اختیار ہے، ان کو ہم منوالیں گے لیکن آپ سندھ وغیرہ کو اور باقیوں کو ٹیبل پہ لے کے آئیں تاکہ وہ ہمارا شیئر ہمیں دیں اور آپ اپنے آپ کو، جو Past آپ کا Neglect ہے اس کو آپ جو ہے اپنے آپ کو

Redeem کریں، آخر میں میں یہ کہنا چاہونگا کہ جناب سپیکر، Merged اضلاع ایک بہت Sensitive area ہیں، وہاں پہ کسی بھی نمبر کو Quote کرنے سے پہلے میری یہ درخواست ہوگی کہ ہر بندہ Facts and figures دیکھ لیں، وہاں کے لوگوں کے جو جذبات ہیں، ان کو خواہ مخواہ Rile up نہ کریں کیونکہ یہ باقی ایریاز کی طرح نہیں ہیں، یہ بہت Sensitive area ہے اور اس سے نیشنل سیکورٹی ایشو بن سکتا ہے تو جو بھی ہو Facts and Figures کے مطابق دیں، غلط نمبرز Quote ہو رہے ہیں ہر جگہ میں، اور Background دیکھ کے بندہ دیں، Out of context ایک چیز کو نہیں دینا چاہیئے، تو یہ میری Request ہے، باقی جو ان شاء اللہ یہ ہمارے ساتھ رہیں گے تو ان شاء اللہ اس Merged اضلاع کو بھی ہم اس صوبے کا ایک Active اور ایک Corrective حصہ اور ایک بہت Contributing حصہ بنائیں گے۔ شکریہ۔ (تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: Thank you, thank you, ji. محترمہ بصیرت صاحبہ۔

محترمہ بصیرت خان: اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیم۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم۔ جناب سپیکر، شکریہ، مجھے بات کرنے کا موقع دیا آپ نے، بحث شروع کرنے سے پہلے میں Covid-19 کی وجہ سے جو ہمارے قومی اسمبلی اور صوبائی اسمبلی کے جو معزز ممبران ہیں جن کی شہادت ہوئی ہے، ان کے لئے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند فرمائے اور ان کی مغفرت فرمائے اور جو ہماری اسمبلی کے نمائندے ہیں یا ہمارے جتنے بھی قوم کے بندے ہیں جو اس سے Affected ہوئے ہیں، اللہ ان کو صحت کامل عطا فرمائے۔ جناب سپیکر، (72) بہتر سالہ تاریخ میں پہلی مرتبہ قبائلی اضلاع کے نمائندے یہاں پہ بیٹھے ہوئے ہیں جس کا کریڈٹ میں ملی مشر الحاج شاہجی گل صاحب کو دوں گی۔ جناب سپیکر، پہلی مرتبہ قبائلی اضلاع کو 183 ارب روپے مختص کئے گئے ہیں، اس سے پہلے فاٹا کے لئے اس سے پہلے 18 سے 25 ارب تک روپے مختص کیے جاتے تھے جس میں سے Hardly سات سے پانچ ارب روپے قبائلی عوام کے ترقیاتی کاموں پہ خرچ ہوتے تھے جناب سپیکر، شرمل واٹر سپلائی سکیم کے لئے تین کروڑ مختص کئے گئے ہیں جس پر میں حکومت وقت کا شکریہ ادا کرنا چاہونگی، اس کی وجہ سے لنڈی کوتل کے عوام کو پانی کی جو مشکلات پیش آرہی ہیں اس میں بہتری ہوگی۔ جناب سپیکر IMU, Independent Monitoring Unit کو ایجوکیشن مانیٹرنگ یونٹ میں تبدیل کر دیا گیا ہے اور اس کو مستقل کر دیا گیا ہے، جیسے کہ فنانس منسٹر نے کل کہا تھا، انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے کہ فاٹا سیکرٹریٹ کے جو بندے بیروزگار ہو چکے ہیں،

انہوں نے یقین دہانی کرائی ہے، تو میری ان سے درخواست ہے کہ ان کو بھی مستقل کر دیا جائے تاکہ وہ ان کے جو گلے ہیں یا شکوے ہیں وہ ختم ہو جائیں۔ جناب سپیکر، خیبر پختونخوا کے Settle اضلاع کے لئے 26 ہزار سکولوں کی بہتری کا بجٹ، سکولوں کی بہتری اس بجٹ کا بنیادی پہلو ہے، تعلیم کی بدولت معاشرے میں ہم خوشحالی اور ترقی لا سکتے ہیں، اگر ہم دیکھیں تو Settled اضلاع میں تین سو نئے سکول 534 سکولوں کی اپ گریڈیشن، 1210 سکولوں کی Uplift کے مقابلے میں ضم شدہ اضلاع میں 73 ہائی سکول، 69 مڈل سکول کی اپ گریڈیشن کے لئے مختص رقم ناکافی ہے۔ جناب سپیکر، جیسے کہ ہم سب کو پتہ ہے کہ قبائلی اضلاع دہشت گردی کی وجہ سے کافی پیچھے رہ گیا ہے اور بہت سے سکول تباہ ہو چکے ہیں، 25 کروڑ کافی ہے لیکن پھر بھی میں حکومت وقت سے درخواست کروں گی کہ اس میں اور بھی اگر مزید بڑھایا جا سکتا ہے اس بجٹ کو، کیونکہ ابھی وہاں پہ بہت سا کام کرنا باقی ہے۔ جناب سپیکر، کہا جاتا ہے کہ ایک لڑکی کو تعلیم دینا پورے خاندان کو تعلیم دینے کے برابر ہے، قبائلی اضلاع، ضلع خیبر تحصیل لنڈی کوتل میں ایک بھی ڈگری کالج نہیں ہے، میری بچیوں کے لئے، میری حکومت وقت سے گزارش ہے کہ جو مڈل سکول ہیں ان کو ہائی، جو ہائی سکول ہیں ان کو ہائر سیکنڈری اور ہائر سیکنڈری کو Kindly کالجز میں تبدیل کئے جائیں (مداخلت) جب تک جناب سپیکر، Last ،please give me time میں ہے I need two three minutes more, please جناب سپیکر، قبائلی اضلاع میں پیرامیڈیکس، نرسز اور پیرا میڈیکس کی بھرتی کے لئے دس کروڑ روپے مختص کرنا سود مند ہے، اس کی وجہ سے تعلیم یافتہ بچیوں کو روزگار ملے گا جو کہ اپنے خاندان کی کفالت میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں گی لیکن اس کے ساتھ میں یہ بھی کہنا چاہونگی کہ میری وہ مائیں، میری وہ بہنیں جو ہنر مند ہیں لیکن ان پڑھ ہیں، ان کے لئے بھی Small scale پہ کچھ Enterprises شروع کئے جائیں، ان کو Vocational training دی جائے۔ جناب سپیکر، دس کروڑ روپے Blood centre قبائلی اضلاع کے لئے مختص کئے گئے ہیں جس کا میں حکومت وقت کا شکریہ ادا کرتی ہوں لیکن جناب سپیکر،۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: Windup کریں جی، Windup

<u>محترمہ بصیرت خان</u>: Sorry، ڈی ایچ کیو میرے ہاسپٹل میں Blood کی Unavailability کی وجہ سے، بجلی نہیں ہوتی، 24 hours میں 6 hours بجلی دی جاتی ہے، مجھے کہیں کہ اس میں ایک بندہ کیسے

زندہ رہے گا؟ اس کو ایمبولنس کی Facilities، I request the government لیکن میری Request ہے کہ Kindly اس کو Facilitate کیا جائے،۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، Windup کریں۔

محترمہ بصیرت خان: Sir, please, one minute; Sir, one minute. وہاں الیکٹرک سٹی کا جو ان کا وہ میٹر ہے وہ دس کلو میٹر دور گرڈ سٹیشن میں لگا ہوا ہے، کیوں وہاں پہ لگا ہوا ہے؟ وہاں سے لوگوں نے تاریں لی ہوئی ہیں، ان کے جو بل ہیں وہ ختم نہیں کئے جا رہے ہیں، اس کو ادا نہیں کیا جا رہا جناب سپیکر، میری ہیلتھ منسٹر سے گزارش ہے کہ Kindly اس مسئلے کو دیکھیں۔ Last میں میں جو فاٹا کے طلباء کے لئے، Sorry ضم شدہ اضلاع کے لئے جو آپ لوگوں نے سکالرشپ رکھی ہے، میں اس کا شکریہ ادا کروں گی لیکن ساتھ میں یہ بھی جو 'تھری جی' اور 'فور جی' سروسز ہیں، ہمارے طلباء سر، Pandemic situation میں ہم باہر نہیں نکل سکتے، Already ہم تباہ ہو چکے ہیں، ہو چکے تھے، Thanks to you کہ آپ لوگ چاہتے ہیں کہ ہم ابھی آگے بڑھیں، اگر ہمیں آگے بڑھانا چاہتے ہو تو ہمارے عوام کو، ہمارے بچوں، بچیوں کو 'تھری جی'، 'فور جی' سروسز دو۔ Thank you, Sir.

(تالیاں)

Mr. <u>Deputy Speaker:</u> Thank you, Madam; thank you Madam, thank you very much. Ji, janab Taimur Jhagra Sahib, Finance Minister, for the final speech.

جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ): جناب سپیکر، السلام علیکم۔ ابھی سپیکر، تھوڑا سا عجیب لگ رہا ہے کہ میں کس کو جواب دوں؟ کل بھی یہ Point out کیا تھا، جو تین چار ممبرز ہیں ان کا میں شکریہ ادا کرتا ہوں، میرے خیال میں کہ اگر کچھ Quarters نہیں بھی رکھتے، یہ بڑا ضروری ہے کہ اس ہاؤس کا Respect رکھیں اس لئے جو اپوزیشن نے سارے پوائنٹس بتائے ہیں وہ نوٹ بھی کئے ہیں اور ریکارڈ رکھنے کے لئے جناب سپیکر، پبلک کو Inform کرنے کے لئے یہ ضروری ہے، میں کوشش کروں گا کہ Windup میں ایک جنرل بات بھی ہو جائے، اور جو بڑے Specific points ہیں ان کا بھی جواب دیا جائے۔ جناب سپیکر، آج ایک Analysis پیش ہوئی ہے، بجٹ کا Neutral commentator ہے جو بجٹ مینجمنٹ پہ ایک ایکسپرٹ ہیں، ان کے اپنے منہ سے جو ہے وہ بہتر نہیں لگتا، ان کی میں Analysis پیش کرتا ہوں۔ انہوں نے چاروں صوبائی بجٹ کی Comparison کی، حسن خاور صاحب ہیں، وہ کہتے ہیں:

Overall KP seems to be number one, followed by Punjab. KP number one on protecting development budget, per capita development, spending health budget, increase per capita health budget and overall reforms appetite. Ranking of provincial budget on increase in development spending, number one Punjab and KP, number three Baluchistan, number four Sindh. Ranking of provincial budget on per capita development spending, number one KP, 8957 rupees per capita, number two Sindh, 4800

یعنی سندھ سے

Double per capita development spending, number three Punjab, 3063 and number four Baluchistan, 2674.
Ranking of Provinces on health budget increase, number one KP, 43%, number two Baluchistan, 32%, Number three Sindh, 16%, number four Punjab. Ranking of Provincial Budget on per capita health spending, number one KP, 3492 per capita, number two Sindh, 3364, number three Baluchistan, 2998, number four Punjab, 2582. Ranking of Provincial budget on reforms, number one KP, tax reforms, elimination, integration of redundant taxes, UITC, rationalize rebate efforts for compliance, tax high purification for tourism acknowledges, ballooning government size, growing salaries, pension bill, improving budgeting. Ranking of Provincial budget on reforms, number two Punjab

اور پھر سندھ، بلوچستان۔Ranking of Provincial budget on fiscal discipline

اور یہ Prove کرتا ہے اور یہ ایکسپرٹ یہ KP سے نہیں ہے، نہ پاکستان تحریک انصاف سے، یہاں پہ وہ کہتے ہیں، نمبر ون پنجاب، انہوں نے Surplus دکھائے ہیں، نمبر ٹو کے پی، نمبر تھری سندھ، نمبر فور بلوچستان، یہ نو میں سے سات Categories پہ کے پی کے بجٹ کو بہترین قرار دیا گیا ہے پورے ملک میں (تالیاں) یہ پاکستان تحریک انصاف کی گورنمنٹ کا کوئی ممبر نہیں کہہ رہا لیکن یہ میرے خیال میں اکیلے سے اپوزیشن کے بہت سے جو Concerns ہیں اس کا جواب ہے، اگر میں اس بجٹ کو دوبارہ سے Summarize کروں گا جناب سپیکر، ہیلتھ اور Covid کا بجٹ ملا کے 148 ارب روپے جناب سپیکر، ٹیکس ریلیف کا بجٹ جس میں صوبے کی تاریخ کا سب سے بڑا ٹیکس ریلیف پیکج، ایک روپے کا ٹیکس زیادہ نہیں کیا گیا، جناب سپیکر، Economy stimulate کرنے کا بجٹ اور Development Spending کا بجٹ اور اس میں میں خصوصی یہ دوبارہ کہوں گا کہ جو چیف منسٹر صاحب کا Vision تھا،

Directly انہوں نے کہا تھا کہ جو ان کا Experience ہے کہ وہ ہر چیز پہ Compromise کرینگے لیکن مشکل حالات میں بھی Development spending پہ نہیں کرینگے اور یہ باوجود مشکل حالات کے اس سال میں بھی جو ہے وہ ثابت کیا، جیسے میں نے کل بتایا، دوبارہ On the record بتانا چاہتا ہوں اور میں شکریہ ادا کرتا ہوں بابک صاحب کا یہاں پہ کیونکہ انہوں نے ایک سنجیدہ تقریر کی اور وہ As a responsible leader of the Opposition سن رہے ہیں کہ ہم نے چاروں صوبوں میں سب سے زیادہ Development spending بھی کی اور ایک پیسہ بھی Lapse ہونے نہیں دیا، Shortfall funding میں آیا لیکن ایک پیسہ بھی Lapse ہونے نہیں دیا۔ اچھا جی، جناب سپیکر، کچھ جو کل اعتراضات اٹھے تھے، ان کا جواب کل دیا تھا، جو آج اعتراضات اٹھے ہیں، میں تمام اپوزیشن ممبرز کا اور ٹریژری ممبرز کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اپنا Perspective دیا، میں چاہتا یہ تھا کہ اگر ایک سنجیدہ تقریر، سنجیدہ پوائنٹس نکلتے تو اس بات پہ ہمیں Advise ملنی چاہیئے تھی کہ اگر Revenue shortfall ہو تو ہم خرچے کیسے کم کریں، اگر Development budget میں Prioritization کرنی ہو تو ہم کیسے کریں، اگر خدانخواستہ Covid کے حالات زیادہ برے ہوں اور زیادہ پیسے چاہیئے تو ہم کیسے وہ کریں؟ روایتی تقریروں سے نہ صوبے کا کوئی فائدہ ہوگا نہ اس ہاؤس میں جو ڈیبیٹ ہے وہ بہتر ہوگی، یہ ہم نے کرنا ہے۔ خیر کچھ پوائنٹس جو ہیں میں ضرور وہ کرتا ہوں، ایک، شیر اعظم صاحب نے بات کی کہ اس گورنمنٹ نے 13 ارب، 13 کھرب روپے خرچہ لیا، یاد رکھیں Again on the record لے آئیں، بڑا Clear ہے کہ اسکا جو میجارٹی حصہ ہے، حالانکہ یہ فیڈرل گورنمنٹ کی بات ہے، دو وجوہات سے، نمبر ون جو پانچ سال روپے کو Devalue نہیں ہونے دیا تھا اور اربوں روپے استعمال ہوئے تھے جس کی وجہ سے روپے کو ایک سو پانچ پہ رکھنے کے لئے اس کی جو Devaluation کرنا پڑی اور اگر وہ سالہا سال ہوتی تو بوجھ نہ ہوتا، وہ Devaluation ہوئی، آدھے سے زیادہ پیسے جو ہیں وہ اس کی وجہ اور Basically خزانے کو Political purposes کے لئے استعمال کیا گیا، اس کے لئے جو قرضے لئے گئے، ان قرضوں پہ سود کی ادائیگی کے لئے Unfortunately جن حالات میں گورنمنٹ ملی، وہ پیسے Barrow کرنا پڑے، یہ فیڈرل گورنمنٹ کی بات ہے جناب سپیکر، ہیلتھ پہ مجھے لگتا ہے کہ جو پیپلز پارٹی کے ممبرز تھے ان کو کوئی Instruct کیا گیا بار بار کہ کوئی سندھ اور کے پی کا Contentiously جو ایک Comparison کریں جناب سپیکر، میں نے آپ کو ہیلتھ کے Statistics خود ہی پیش کر دیئے کہ

ہماری جو Health pay per capita spending ہے وہ سندھ سے ڈبل ہے، ہمارا جو صحت کارڈ، میں دوبارہ کہہ دیتا ہوں جو ان شاء اللہ اس سال ہر باشندے تک پہنچے گا، سندھ میں کوئی ایک بندے کے پاس نہیں ہے اور جناب سپیکر، جو ہماری ریسکو سروس ہے جو کہ ان شاء اللہ اس سال 35 اضلاع میں پہنچ جائیگی، سندھ میں ایک تحصیل میں بھی نہیں ہے، ایک تحصیل میں نہیں ہے، (تالیاں) تو یہ ہے فرق۔ (تالیاں) جناب سپیکر، پچھلے پانچ سال میں سولہ ہسپتال بنائے، پچھلے پانچ سال میں ساڑھے تین ہزار Beds add کئے، پچھلے پانچ سال میں ایک ایم ٹی آئی سسٹم لے آئے جہاں پہ ہمارے جو نو ایم ٹی آئیز ہیں، سارا جو ایمرجنسی پررش، جو بھی انکی خامیاں ہوں، وہاں پر پرائیویٹ ہسپتالوں میں نہیں ہے تو یہ تو صرف ہمارے ہیلتھ کے میگا پراجیکٹس اور یہ شیر اعظم صاحب کا جواب، جناب سپیکر، Salaries increase پہ جو بابک صاحب نے بات کی اور جو انہوں نے این ایچ پی پہ بات کی ہے، این ایچ پی پہ میں ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں اور پہلے سے ہم کہہ چکے ہیں کہ یہ اس صوبے کا مسئلہ ہے اور اس میں ہم کوشش یہ کرینگے کہ جو صوبے کا Perspective ہے وہ ہم ایک ہی بار منوائیں، یہ میں On the record کہنا چاہتا ہوں کہ جو کل بھی میں نے کہا تھا، کل بابک صاحب نہیں تھے کہ اے جی این قاضی فارمولہ کو ہم نے Reflect کیا ہے بجٹ کو، اور پہلی بار Reflect کیا ہے وہ لائن میں ہم نے پیسے اس لئے نہیں ڈالے کہ اگر ہم ڈالتے اور وہ پیسے نہ آتے تو بالکل بجٹ Off balance ہوتا لیکن کبھی پچھلے سال سے پہلے یہ اے جی این قاضی کی لائن نہیں Reflect ہوئی، یہ Reflect کرتے ہوئے ہم اس صوبے کا وہ Stance اور وہ حق جس پہ ہم سب Agree کرتے ہیں وہ On the record لارہے ہیں وہ وائٹ پیپر کی Budget receipt میں بھی ہے، وہ بجٹ بک میں ہے، وہ وائٹ پیپر کی جو این ایچ پی کی سیکشن ہے، اس میں بھی ہے اور ان شاء اللہ اس کے لئے ہم اپوزیشن کی سپورٹ کی بھی Request کرتے ہیں کیونکہ یہ ایک صوبائی معاملہ ہے، پارٹیز کا معاملہ نہیں ہے لیکن یہ بھی ان کو Ensure کرتے کہ اس صوبے کی گورنمنٹ اس کے لئے Continuously اپنی Efforts کرے گی کہ جو بقایاجات ہیں اور جو اے جی این قاضی فارمولا کی Implementation ہے دونوں پہ کام کریں۔ جناب سپیکر Salaries increase پہ میں بعد میں آؤں گا، بابک صاحب چونکہ ایجوکیشن منسٹر بھی رہ چکے ہیں، Obviously جانتے ہیں، انہوں نے یہ اے ایس ڈی اوز پر بات کی یہاں پر، نہایت احترام کے ساتھ جناب سپیکر، ان کے ساتھ Disagree کرتا ہوں، ان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہ انہوں نے اپنا Perspective دیا، دیکھیں جو

ہمارے پرائمری سکولز ہیں، اگر ہم ایجوکیشن میں ٹیچرز ہیڈ ٹیچرز لائن مینجرز پہ Investment کریں، ہم جہاں بھی Recruitment کرتے ہیں گورنمنٹ میں، اس سے بہتر Recruitment یہ وہ لوگ ہیں اگر وہ سکولوں کو چلاتے ہیں، ہر سکول میں ہر کلاس روم، ہر گھنٹے میں چالیس پچاس بچوں کو پڑھاتا ہے، تو جو یہ Vision ہے کہ جو این ٹی ایس Qualified اے ایس ڈی اوز جو فی الحال کسی ڈی ایچ او کے آفس میں محدود ہوتے ہیں، ان کو کوئی ایڈمنسٹریٹیو کام دیا جائے گا کہ آپ فوٹو کاپی کریں، یہ کریں کہ وہ De-facto ہو، آپ کے ہیڈ ٹیچرز بن جائیں، اس میں Existing teachers بھی Apply کر سکتے ہیں، Fresh بھی کر سکتے ہیں، یہ میں ان کو Assurance دے دونگا کہ یہ ساری Recruitment جو ہوگی یہ On merit ہوگی NTS test کے Through ہوگی، اس میں کوئی Political recruitment نہیں ہوگی، میں یہ فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ ہمیں پتہ ہے کہ ہمارے سسٹم میں ابھی بھی کیا مجبوریاں ہیں، مجھے جو این ٹی ایس کا سسٹم پاکستان تحریک انصاف کی گورنمنٹ نے Introduced کرایا جناب سپیکر، میرے کوئی دو سال ہوگئے Politics میں، مجھے کبھی ٹیچر بننے کی سفارش کرنے کے لئے ایک بھی بندہ نہیں آیا، ایک بھی نہیں آیا، Which means that the system works, which means کہ اس Recruitment میں Hundred percent merit ہے اور ان شاءاللہ یہ کرکے جب یہ ہیڈ ٹیچرز آئیں گے تو پورے صوبے کے سکول مفید ہونگے، وہ چاہے پشاور میں ہو، چارسدہ میں ہو، اورکزئی میں ہو، بونیر میں ہو، ملاکنڈ ڈویژن میں ہو، جہاں پہ بھی ہو جناب سپیکر، اس Type کی Investment تو کرنی چاہیئے، میرے لئے تو یہ Development budget سے بھی زیادہ Important development spend ہے تو یہاں پہ اختلاف رائے ہو سکتا ہے لیکن جیسے میں بابک صاحب کی Opinion کی قدر کرتا ہوں And I am sure، مجھے یقین ہے کہ یہ بھی اس Perspective کے بارے میں سوچیں گے اور جیسے انہوں نے تجویز دینے کی کوشش کی، وہ ضرور دینگے۔ جناب سپیکر، اسی طرح جو Voucher scheme کی بات کی، اس میں خامیاں تھیں جو رپورٹ ہوئیں، ہم نے ایکشن لیا، نیب کیس بھی گیا، یہ میں کہہ دوں کہ بہت سی جو رپورٹنگ ہوئی تھی اس قدر پہ Discrepancies نہیں تھیں لیکن جہاں پہ دیں وہاں پہ Zero tolerance for any kind of corruption or misuse اور اسی لئے یہ جو Vouchers scheme اس کو Completely ہم Digitalized کر رہے ہیں تاکہ یہ Fully شفاف ہو، یہاں پر جس کی بھی Accountability کرنا

پڑے گی Fully وہ Accountability جو ہے وہ ہو گئی، اسی طرح جیسے بابک صاحب نے تجویز دی، ہم ایک نہیں، یہاں پر تین چار بڑے Innovations لارہے ہیں، پانچ سو نئے کیمونٹی سکولز جہاں پر ہم ٹیچرز کو بیس ہزار روپے کی سیلری دینگے، New Schools Initiative جس میں ہم پرائیویٹ سیکٹر کے ساتھ پارٹنر کرینگے کہ پرائیویٹ سیکٹر گورنمنٹ کے ساتھ چونکہ وہ جلدی سکولز بنا سکتا ہے Low performing schools ہم پارٹنر شپ لانے کی کوشش کریں گے جو پوری دنیا میں Tried and tested method ہے اور ان شاء اللہ اس سال ہم سیکنڈ شفٹ سکولز بھی شروع کرینگے، تو ہماری Up gradation بھی ہو گی، نئے سکولز بھی بنیں گے لیکن جلدی Capacity increase کرنے کے لئے ہم یہ سارے Innovations ان شاء اللہ لائیں گے۔ جناب سپیکر، جو کرک کے بارے میں بات ہوئی، کرک کی گیس کی، میں بالکل مانتا ہوں کہ یہ ایک افسوسناک بات رہی ہے کہ ہم نے Generally پاکستان میں، Generally بات کر رہا ہوں، ان چیزوں میں جہاں سے گیس نکلی، جہاں سے Natural resources نکلے، ان کو جس طریقے سے حق دینا چاہیئے تھا وہ اس سپیڈ سے نہیں دیا، اس پر ہم کام کر رہے ہیں، کوہاٹ ڈویژن کے لئے تو ایک بہترین Kohat Division Development Program اس Oil & Gas Royalty سے جس میں جناب سپیکر، اگر ماضی میں کوئی زیادتیاں ہوئی بھی ہیں، اس کی وجہ سے صرف رائیلٹی نہیں، اس میں صوبہ بھی اپنا شیئر ڈالے گا، Over and above the royalty وہ پندرہ ارب روپے کی سکیم ہو گی جس میں پھر صوبہ بھی اپنا شیئر ڈالے گا اور اس میں صرف جو ایک چھوٹے موٹے کام نہیں، بڑے Development کے پراجیکٹس بھی ہونگے، اے ڈی پی کے علاوہ، اے ڈی پی میں Reflected ہیں اور ضرور ماضی کی وجہ سے یہاں پر کوئی تلخیاں کوئی Concerns آتے ہیں لیکن گورنمنٹ کی Seriousness کو دکھاتے ہوئے آپ نے جناب سپیکر، آج نوٹ کیا ہوا ہو گا کہ لاء منسٹر جو Parliamentary affairs کو بھی دیکھتے ہیں، وہ آج لیٹ تھے، وہ اس لئے لیٹ تھے کہ وہ کرک اور کوہاٹ ڈویژن کے ایم پی ایز کے جو Concerns تھے ان کو Solve کرنا چاہتے تھے اور ان کے ساتھ بات چیت کر رہے تھے اور میرے خیال میں اس میں بہت حد تک کامیاب بھی ہوئے لیکن یہ ہماری گورنمنٹ کی Commitment ہے کہ ہم ان شاء اللہ انصاف کرینگے، کرک ڈسٹرکٹ کے ساتھ بھی، کوہاٹ ڈویژن کے ساتھ بھی، ساؤتھ کے ساتھ بھی، چترال کے ساتھ بھی، نارتھ کے ساتھ بھی، ٹانک کے ساتھ بھی، ہزارہ ڈویژن کے ساتھ بھی، پشاور ویلی کے ساتھ بھی، سب کے ساتھ

سوات اور ملاکنڈ ڈویژن کے ساتھ بھی۔ جناب سپیکر، بہت سے ایم پی ایز نے اس طرح ایک اور جو بڑی ضروری بات کی، لوکل گورنمنٹ الیکشن کی، جناب سپیکر، میں یہ Clear کرنا چاہتا ہوں کہ لوکل گورنمنٹ الیکشن پہ وہ جو دو سال کا ایک ٹائم فریم دیا ہے وہ صرف اس لئے دیا ہے کہ ایک ایمرجنسی کے تحت ہمیں Provision ہوتی ہے اور وہ دو سال آج سے نہیں شروع ہوتے، وہ دو سال اس وقت سے شروع ہوتے جب وہ Local Government Bodies dissolve ہوئیں، یعنی اس میں ایک سال جو ہے وہ گزر گیا ہے، تو یہ تو صرف Crisis پہ Depend کرتا ہے لیکن اس پہ جناب سپیکر، کوئی شک نہ ہو کہ گورنمنٹ یہ الیکشن کرنے کے لئے تیار ہے، Fully committed ہے، جیسے ہی Possible ہونگے، جتنی جلدی Possible ہونگے ہم تو اس کو جناب سپیکر، کل کرنا چاہتے ہیں لیکن ہمیں Health and safety کا لوگوں کو ان کو خیال رکھنا پڑے گا جیسے مجبوراً ہمیں سکول بند کرنا پڑے اور وہ یہ دیکھ کے جیسے اس کے لئے ایک Safe طریقہ نکلے جلدی سے جلدی ہم کرینگے، یہ بھی بات On the record آ جائے اور ایک میں بابک صاحب کو یقین دلانا چاہونگا اور دوبارہ سے میں یہ On the record لانا چاہتا ہوں اور یہ بھی On the record لانا چاہتا ہوں کہ اس میں بابک صاحب کا ایک خاص Positive role تھا کہ میں نے کل بھی یہ بات کی، آج دوبارہ کرتا ہوں کہ جو اس اسمبلی میں جو روایت برقرار رہی اور جو اپوزیشن نے بجٹ سپیچ کو سنا، اس سے یہ اسمبلی بھی، پاکستان کی باقی اسمبلیوں سے بہتر Highlight ہوتی ہے اور جناب سپیکر، اس سے اپوزیشن کا Role اور اپوزیشن کا کردار اور اپوزیشن کا Character بھی جو ہے (تالیاں) وہ In this case بڑا اچھا دکھائی دیتا ہے، اگر یہی Spirit رہا اور اگر نہ بھی رہا، یہ تو میں Already commitment کرنے کے لئے تیار ہوں کہ Off course یقیناً ہم جیسے گورنمنٹ کے حلقوں کا خیال رکھیں ہم اپوزیشن کے حلقوں کا بھی خیال رکھیں کیونکہ یہ بابک صاحب نے یقین دہانی جو ہے وہ مانگی، یہ میں ضرور کہونگا کہ جتنا Atmosphere بہتر رہتا ہے اور اس اسمبلی کی Proceedings کو کورٹ میں نہیں چیلنج کیا جاتا، تو جو کام آرام سے ہو سکتا ہے اس میں کوئی Stoppage نہیں آنی چاہیئے تو اگر ہمارے ایشوز ہیں اس پہ ہماری بابک صاحب سے بھی بات ہوئی ہے، باقی بھی اپوزیشن کے لیڈرز سے بات ہوئی ہے، ایشوز آئیں گے، Misunderstanding آئے گی، اگر ہم نے یہ مل بیٹھ کر Solve کی، پارلیمنٹ میں Solve کی، Parliamentary norms اور جو جناب سپیکر، سیاستدان کو ایک ٹریننگ دی جاتی ہے، ہر ایشو کو Negotiations through solve کرتے

ہوئے تو یقیناً I think اس سے اپوزیشن کے ممبرز کے لئے بھی بہتر ہو گا، گورنمنٹ کے لئے بھی بہتر ہو گا اور اس صوبے کے لئے بھی بہتر ہو گا، میری صرف اپوزیشن سے یہ Request ہو گی کہ آپ ایک قدم بڑھائیں، گورنمنٹ ہمیشہ آپ کے لئے دو قدم بڑھائے گی۔ جناب سپیکر، سردار خان صاحب نے بات کی Tourism development کی، اس کے Again میں On the record بتانا چاہتا ہوں کہ کاش یہ Covid نہ آتا اور Already tourism میں ایک Record investment ہوئی تھی اور اس کا Result بھی آیا تھا جو پچھلے سال بیس لاکھ سے زیادہ Tourists اس صوبے میں آئے تھے، ٹورازم میں جو ہمارے بڑے بڑے پروگرام ہیں جن کی Investment ہو رہی ہے، جو KITE Program ورلڈ بینک کے ساتھ سو ملین ڈالرز یعنی پندرہ ارب کا اور جو پانچ بلین کا سپیشل پیکج ہے وہ پورے صوبے کے لئے نہیں، وہ دو ڈویژن کے لئے ہی ہے، ملاکنڈ اور ہزارہ ڈویژن جو obviously باقی صوبے میں بھی ٹورازم کا Potential ہے لیکن چونکہ ان دو ڈویژن کو Competitive advantage ٹورازم کا ہے تو ان کے لئے اس میں جو ہے وہ کام ہو رہا ہے۔ جناب سپیکر، پی ایم ایل این کی ایک خاتون ایم پی اے نے دوبارہ سے وہ خواتین کی سکیمز کا ذکر کیا ہے، اس پر میرے Colleague غزن نے بھی بات کی، یہ میں ضرور جو ہے خواتین ایم پی ایز کو کہنا جو ہے وہ چاہتا ہوں کہ Obviously یہ ہاؤس خواتین کے لئے زیادہ کر سکتا ہے اور زیادہ کرنا چاہیئے اور ان شاءاللہ ہم زیادہ کریں گے اور اگر کہیں پر کوئی Gap ہے تو وہ ہم سال کے دوران بھی Fill کرنے کی کوشش ضرور کریں گے، جو خواتین کے لئے جو سکیمز جو مختص ہوئیں ہیں تو ان کا بھی میں نے ذکر کیا، میں نے کل بھی اور آج بھی کہا، میں نے پوری بجٹ سپیچ میں نہ خواتین کا ذکر کیا نہ مردوں کا کیا اور یاد رکھیں Again یہ صرف اس کے لئے نہیں کہ 99 percent سکیمز ایسی ہوتی ہیں کہ جو سب کے لئے ہوتی ہیں لیکن Obviously خواتین کو جیسے ہم نے نمائندگی دی ہے، ایسے یہ ان کے لئے Special windows بھی ہونی چاہیئے اور اس کی مثالیں میں نے کل بھی دیں لیکن یہ میں بڑی Seriously request کروں گا کہ جو خواتین ممبرز پورے صوبے کی خواتین کو Represent کرتی ہیں اور یہ گلہ کر رہی ہیں، ان کو کم از کم کوئی ایک سکیم Suggest کرنی چاہیئے تو میرے خیال میں یہ، یا میرے خیال میں یہ خواتین کو Interest free loans دینے چاہئیں یا ان کے لئے جو ہے کوئی Skills and Vocational Centers ہونے چاہئیں، وہ Input دینے کا ٹائم بجٹ سے پہلے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ جو بابک صاحب نے ایک بات کی، کہ جو ان کو بجٹ پر Brief دینا چاہیئے تھا، یہ Open تھا، ہم

اس میں As the Government and the Opposition، کی ڈسکشن پر دو تین چیزوں نے Unfortunately بجٹ پر ٹائم نہیں آیا لیکن یہ میں ضرور On the record لانا چاہتا ہوں، مشکل سال ہوگا، اس میں ہمیں اپوزیشن کی سپورٹ کی بھی ضرورت ہوگی اور ان کی تجاویز کی بھی ضرورت ہوگی کہ ہم ایک ایسے مشکل سال میں اخراجات کیسے Manage کریں، Revenue کیسے بڑھائیں، Development spending زیادہ سے زیادہ کیسے کرنے کی کوشش کریں؟ تو جناب سپیکر، Again میرا آفس ہر وقت تیار ہے کسی سے بھی Engage کرنے کے لئے اور میں بابک صاحب کے ساتھ علیحدہ بات ضرور ابھی کروں گا کہ اس کے بعد ہم کیسے ایک Regular update بجٹ کے Matters پر اپوزیشن کو ماہوار بھی میں دینے کے لئے تیار ہوں۔ جناب سپیکر، ایک میں ضرور، کیونکہ میرے خیال میں اس اسمبلی میں زیادہ تر اس اسمبلی کی ہی باتیں کرنی چاہئیں تو انہی پی ایم ایل این کی ایم پی اے نے جو ذکر کیا کہ پتہ نہیں پی ٹی آئی کی جو لیڈر شپ ہے وہ یہ کہہ رہی ہے کہ ایک لیڈر اور دوسرے لیڈر کے درمیان وہ نہیں، جناب سپیکر، وہ عمران خان، پرائم منسٹر عمران خان اور پی ٹی آئی کی لیڈر شپ کے بارے میں بات کرنے سے پہلے میں ان کو یہ ضرور کہوں گا، Again ہیں نہیں لیکن یہ On the record ضرور آجائے کہ آپ کی اپنی لیڈر شپ، چلیں False نہیں کہتے لیکن Dubious ضرور کہہ دیتے ہیں میڈیکل ریکارڈ لاکر اور Platelets, کے ریکارڈ لاکر لندن جاکر وہاں Harrods کے سامنے کافی شافی Enjoy کریں جبکہ پورا ملک کورونا وائرس کے چیلنج سے نمٹ رہا ہے اور اپنے لیڈرز کا احتساب آپ نہ کریں، حالانکہ ان کو ہونا جو ہے وہ جیل میں چاہیئے، وہ اپنے Colleagues بھی بیس سال پہلے بھی وہ اپنے Colleagues کو جیل میں چھوڑ گئے تھے، آج بھی اپنے Colleagues کو جیل میں چھوڑ کر وہاں لندن میں وہ Espresso coffee ہم ضرور پیئیں لیکن باقی پارٹیوں پر تنقید جو ہے وہ ہم ضرور کریں اور جناب سپیکر، یہ ویسے As a fun نہیں کہہ رہے، مجھے یاد ہے کہ جو ہماری اپوزیشن کی اور پارٹیز جس وقت میں، یہ تو ہم نے اپنے جیسے اے این پی کے بھائیوں سے بھی سیکھا کیونکہ انہوں نے دو بار ان کے ساتھ Coalition Government چلا کر یہی Feedback ہمیں دی کہ ان کے ساتھ جو ہے کم از کم اس صوبے کے لحاظ سے یہ ہوگا لیکن یہ جو جیسے کہتے ہیں انگریزی میں کہ People in glass house should not throw stones at each other. تو یہ میں کہتا ہوں کہ دوسروں کی لیڈر شپ کے بارے میں کمنٹری کرنے سے پہلے یہ تو دیکھ لیں کہ آپ کی اپنی لیڈر شپ، اپنی پارٹی کے

باقی لیڈرز کے لئے کیا مثال جو ہے وہ Set کر رہے ہیں۔ جناب سپیکر، جو ہمارے ٹانک کے ایم پی ایز ہیں، انہوں نے بات کی کہ ڈاکٹرز نرسز وہاں پر جو ہیں وہ Required ہیں، انہوں نے ٹانک کے ایشوز کی بات کی اور جیسے بٹنی صاحب نے اور اسی طرح جس نے بھی اپنے اضلاع، کیونکہ سارے اضلاع پسماندہ ہیں، سارے اضلاع میں مزید کام کرنے کی ضرورت ہے، ان شاءاللہ محدود وسائل میں مشکل سال میں ہم سب کوشش کریں گے کہ ہم سب کو سپورٹ دیں لیکن یہ ڈاکٹرز اور نرسز کے لحاظ سے میں کہہ دوں کہ یہ Corona outbreak کے دوران چیف منسٹر صاحب نے Personal interest لیتے ہوئے دو ہزار Plus ڈاکٹرز کی Recruitment کرائی، ان کو فیلڈ میں Deploy کیا کورونا وائرس کے لئے، ہم نے ڈاکٹرز، میڈیکل پروفیشنلز، پیرا میڈیکس، نرسز، مائیکرو بیالوجسٹس کے لئے ایک Special Locum Scheme سکیم بنائی جس میں اٹھارہ ہزار Applications آئیں جن کی Deployment ابھی شروع ہو جائے گی اور وہ Open ہے Applications کے لئے کیونکہ ایسے ٹائم میں ہمیں اور بھی لوگ چاہئیں، تو یہ بھی ضروری ہے لیکن ان شاءاللہ اس سال میں ہماری کوشش ہو گی کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ بہت سے ہسپتال ایسے ہیں جو یا تیار ہیں، ان کو Operationalise کرنے کے لئے Equipments چاہئیں یا جن میں تھوڑی سی Maintenance چاہیئے یا جن کو سٹاف چاہیئے، ہم کوشش کریں گے کہ One by one چیف منسٹر صاحب نے کہا ہے کہ یہ ہماری پہلی Priority ہو گی اور ہم یہ کوشش کریں گے کہ جیسے ہی یہ بجٹ سیشن ہو جائے، میری اپنی Commitment ہے کہ میں کوشش کروں گا کہ ایک ایک ضلع میں جا کر چاہے اس میں کورونا وائرس ہونے کا رسک بھی زیادہ ہو کہ In person کہ وہاں پر گورنمنٹ کے ایم پی ایز ہوں، اپوزیشن کے ایم پی ایز ہوں، ان سے Request کروں گا کہ ساتھ جائیں تاکہ وہ Health facilities دیکھیں اور کوشش کریں کہ وہاں پر جو کام کرنا ہو وہ Expedite کریں کیونکہ کبھی ہم نے یہ نہیں کہا کہ ہمارا ہیلتھ سسٹم Perfect ہے۔ جناب سپیکر، ایک اے این پی کے بڑے Educated MPA ہیں، انگریزی ان کی کافی اچھی ہے، انہوں نے اعتراض کیا، حالانکہ کل انہوں نے بتایا تھا کہ انہوں نے دوبارہ سے، میں نے یہ بھی Clarify کیا تھا، وہ سپیچ کے بارے میں کوئی رول شول کہہ رہے تھے کہ As per the rule جناب سپیکر، کہ مجھے لکھنی چاہیئے تھی، میرا یہ تیسرا سال ہے یہاں پر تو Party affiliation, setting it aside میرے خیال میں پولیٹیکل کلاس کو یہ فخر ہونا چاہیئے کہ جو ہمیں کاغذ دیا جاتا تھا جس سے ہم پڑھتے تھے اور اس میں وہی

چیزیں جو ہیں، وہی آپ 1947 سے پکڑ کر ایک ہی بجٹ تقریر تھی کہ اگر کوئی Effort کرے کہ وہ خود سے پڑھے تو میرے خیال میں بہتر ہے لیکن یہ On the record ہم Clarify کر دیں، دو جگہ جو ہے Budget documents کا جو ذکر ہے جناب سپیکر، وہ Constitution of Pakistan کے آرٹیکل 120 میں ہے:

"120. (1) The Provincial Government shall, in respect of every financial year, cause to be laid before the Provincial Assembly a statement of the estimated receipts and expenditure of the Provincial Government for that year, in this Chapter referred to as the Annual Budget Statement.

(2) The annual budget statement shall show separately__

(a) The sums required to meet expenditure described by the constitution as expenditure charged upon the Provincial Consolidated Fund; and

(b) The sums required to meet other expenditure proposed to be made from the Provincial Consolidated Fund;"

I am sure کہ چونکہ ان کی انگریزی اچھی ہے، مجھے یہ Translate کرنے کی ضرورت نہیں ہے جناب سپیکر، اور Similarly جو Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 جو کتاب ہے، اس میں جو بجٹ کے بارے میں لکھا ہے اور جو بجٹ سپیچ کے بارے میں لکھا ہے، یہ ہے آرٹیکل 138 اور آرٹیکل 138 جو ہے جناب سپیکر، وہ یہ کہتا ہے کہ:

138. Presentation of the Budget. "The budget shall be presented by the Minister for Finance."

اور 139 کہتا ہے جناب سپیکر،

139. Budget not to be discussed on presentation. "The only proceedings with reference to the Budget on the day which the Budget is presented shall be the speech of the Finance Minister when presenting it.

Speech جناب سپیکر، حالانکہ ان کی انگریزی اچھی ہے لیکن Just in case اگر کوئی Confusion ہو، Speech کی Definition اگر ہم نکالیں تو وہ کہتے ہیں جو ایک بندہ بولتا ہے، Writing الگ ہوتی ہے، تو یہ صرف On the record آجائے کہ کوئی Rule جو ہے کوئی Requirement جو ہے جناب

سپیکر، وہ Contravene نہیں ہوئی اور جب ایک بار Clarification بھی ہو گئی، یا تو وہ اپوزیشن ممبرز ایک ہی بار وہ Clarification سن لیں، اگر وہ نہیں سنتے تو پھر ان کو اس اسمبلی کے ممبرز کو گمراہ نہیں کرنا چاہیئے ورنہ ویسے ٹائم ضائع ہو گا لیکن جناب سپیکر، اس میں اس میں سزائیں بھی موجود ہیں اور اس میں یہ بھی لکھا ہے، اگر ہم میرے خیال میں اس کا جو Rule، اس میں سزا نہیں دیتے لیکن اس میں جناب سپیکر، یہ لکھا ہے، Repetition تو یہ چیزیں ویسے Repeat نہیں کرنی چاہئیں، یہ میرے خیال میں ہے Rule 207 تو میں صرف یہ کہہ رہا تھا کہ Again میں جناب سپیکر، ان کو یہ بھی Offer کرتا ہوں کہ صرف ان کو میں فنانس پر نہیں حالانکہ میری اتنی وہ نہیں ہے میں Minister for Law سے بھی کہوں گا کہ اگر ان کو چاہیئے تو ان کو بزنس رولز کی بھی ایک ٹریننگ دے دیتے So that they are in a better shape to be able to comment and use them correctly. بلکہ جناب سپیکر، ان کے پاس تو اتنے اچھے ممبرز ہیں جو آج موجود نہیں ہیں، کل بھی نہیں موجود، اپنی تقریر کے بعد چلے گئے تھے، جو کہ ماہر ہیں، ہر دو منٹ کے بعد اٹھ جاتے ہیں، یہی کتابیں Raise کرتے ہیں اور اونچی آواز میں بات کرتے ہیں، تو اگر ان کو لاء منسٹر سے یا میرے سے سیکھنے سے کوئی تکلیف ہو تو ان سے بھی ضرور سیکھ سکتے ہیں۔ جناب سپیکر، اس میں ایک چیز جو ہے وہ کہنا شاید نہیں چاہیئے تھا لیکن پہلے اس پر آتے ہیں، ایک چیز یہ Salaries پر بار بار آئیں گے جناب سپیکر، میرے Colleague غزن صاحب نے بھی بتایا، یہ یاد رکھیں، یہ بجٹ یہ گورنمنٹ سرونٹس کے لیے بھی ہے لیکن اس صوبے کے عوام کے لئے بھی ہے، یاد رکھیں کہ یہ پیسے جو سارے ہیں جو ایک روپے گورنمنٹ اپنے آپ پر نہیں Spend کرتی اسی لئے نہ ہم نے اپنی تنخواہ بڑھائی ہے، Last year کم بھی کی تھی، اسی لئے نہیں بڑھائی تا کہ وہ جو ساڑھے تین کروڑ عوام ہیں ان پر لگے، پوائنٹ سکورنگ کے لئے ٹھیک ہے لیکن ایسے Covid کے وقت میں ہمیں پوائنٹ سکورنگ نہیں کرنی چاہیئے، جس دن، ہم ان شاءاللہ کوشش کریں گے کہ گورنمنٹ سرونٹس کے لئے صرف تنخواہیں نہیں کہ ان کو بہتر میڈیکل انشورنس بھی دیں، ان کو بہتر لائف انشورنس بھی دیں، ان کے لئے بہتر ہاؤسنگ پالیسی بھی بنائیں، ان کے لئے بہتر Car ownership policy بھی بنائیں کیونکہ بہت سے جدید طریقے ہیں جس سے سارے گورنمنٹ سرونٹس کی جو جس کو انگریزی میں Compensation یا Salaries and benefits کہتے ہیں وہ بہتر ہو سکتے ہیں، ان پر آئیں مل کر بات کریں اور یہ میں نے کہا تھا کیونکہ دو تین ایم پی ایز نے بجٹ سے پہلے یہ سوال Submit کیا تھا کہ ہم چاہتے ہیں کہ سارے گورنمنٹ سرونٹس کی تنخواہیں ڈبل ہوں، میں ابھی بھی یہ On the

record کہتا ہوں، میں یہ کرنے کے لئے تیار ہوں اور وہ ایم پی ایز آ جائیں مجھے بتا دیں کہ تنخواہیں ڈبل کا
مطلب کہ اڑھائی سو ارب روپے، وہ بتا دیں اور اپنے نام سے یہ تجویز بھی دے دیں کہ ہم اڑھائی سو ارب
روپے کے ٹیکسز لگائیں یا اڑھائی سو ارب روپے ہم Development budget میں سے کاٹیں یا ہم
اڑھائی سو ارب روپے جو ہیں وہ کہیں اور سے کٹوتی کریں، ہم کر لیں گے لیکن وہ بھی یہ Own کریں، صرف
پوائنٹس وائنٹس Score کرنے کے لیے ویسے وہ نہ چھوڑیں This doesn't increase the
level of debate in the Assembly. جناب سپیکر، ایک اور جو میں قبائلی اضلاع پر ایک دو
بات ضرور کروں گا لیکن ایک بات اور ہوئی این ایف سی کے ممبرز کی، میں سمجھ سکتا ہوں کہ Where
the Opposition members are coming from کہہ رہے ہیں کہ جو این ایف سی کا جو
ہمارا ممبر ہے وہ کے پی سے نہیں ہے، میں تین چار باتیں On the record لاؤنگا I didn't want
the debate to come to this، پہلی چیز وہی این ایف سی کا ممبر جو کہہ رہے ہیں کہ اس صوبے
کا Interest، پہلے تو یہ کہ جناب سپیکر، جس بندے کی Responsibility ہوتی ہے جو Prime
member ہوتا ہے وہ ہوتا ہے فنانس منسٹر، جو دوسرا ممبر ہوتا ہے وہ Expert ہوتا ہے اب، شاید جو ان
کے فنانس منسٹرز ہوتے تھے ان کو شاید این ایف سی کے A,B,C کا نہیں پتہ لیکن جناب سپیکر، I
will take responsibility and I will on behalf of the government, on
behalf of the people of this province, defend the interest of this
province لیکن جس ممبر پہ ان کو اعتراض ہے ان کو شاید پتہ نہیں ہوگا کہ ان کی گورنمنٹ کے
دوران ہی جناب سپیکر، انہوں نے اسی ممبر کو اس صوبے کا Chief Economist لگایا تھا یعنی پورے
صوبے کی Development اسی ممبر کے ہاتھ میں رکھی، اس کا یہ جواب دیں جناب سپیکر، شاید یہ
بھی پتہ ہو یا نہیں اور I am a bit hurt کہ ایک خاتون ممبر نے اس کی بات کی کہ That Member
is married in this province, has a wife from this province، اس کے
بچوں کی آدھی جو Blood lineage ہے وہ اسی صوبے کی ہے، تو اگر ہم اس خاتون کا مقام نہیں مانتے
اور ایک خاتون ہی نہیں مانتی تو پھر آپ ہم سے کیا گلہ کرتے ہیں کہ ہم نے خواتین کا نام اس بجٹ سپیچ میں
لیا یا نہیں لیا۔ تیسری چیز جناب سپیکر، اسی این ایف سی ممبر نے وہی کاغذ لکھا جس پہ 2015-16 میں
قبائلی اضلاع کو وہ تین پرسنٹ شئیر Commit ہوا اور وہی این ایف سی ممبر ہے جس نے پانچ چھ ممالک
میں صرف پاکستان میں نہیں جس کا اس صوبے سے بڑا گہرا تعلق ہے اور اپنا سارا Career اسی صوبے

میں گزارا ہے اور اسی صوبے میں شادی کی اور وہی این ایف سی ممبر نے قبائلی اضلاع کو جو حقوق دیئے کیونکہ اس این ایف سی کا سب سے بڑا ایشو جو ہے وہ قبائلی اضلاع کا بجٹ ہے، تو ہم قبائلی اضلاع کے این ایف سی شئیر کے بڑھانے میں جو ممبر ہمارے قبائلی پشتونوں کے Interest سب سے بہتر مجھے Support کر سکتا ہے Defend کرنے کے لئے اگر اس Interest پہ وہی پارٹی جو اپنے آپ کو پشتونوں کا Champion کہتی ہے، اس نے صرف Politics کرنی ہے، وہ Politics کرے جناب سپیکر، میں نے اس صوبے کا Interest defend کرنا ہے اور میں نے قبائلی اضلاع کے پشتونوں کے لئے این ایف سی سے ان کا حق لینا ہے، (تالیاں) یہ بات میں ویسے کرنا بالکل نہیں چاہتا تھا تو میں کوشش کرونگا لیکن کہ نام نہ لوں لیکن چونکہ ایک 'نان ایشو' کو ایشو بنانا چاہیئے تو Let's call a spade a spade، اگر این ایف سی کا ممبر نہیں ہو سکتا تو وہی لوگ پشتونوں کے Champion ہیں وہ کم از کم خود تو اس صوبے کے ساتھ اپنے Links برقرار رکھیں، With due apologies to sound my colleagues ان کا بھی وہاں سے واسطہ ہے، ان کا لیڈر پارٹی کا تعلیم حاصل کرنے کے لئے کہا جاتا ہے ایچی سن کالج لاہور پنجاب، ان کا چیف منسٹر تعلیم حاصل کرنے کے لئے کہاں پہ جاتا ہے، ایچی سن کالج لاہور پنجاب، ان کا جو سینئیر پارٹی لیڈر میں یہ مانتا ہوں کہ اس پارٹی نے پشتونوں کے حق کے لئے لڑائی لڑی ہے لیکن This just proves جو سینئیر لیڈر کے جو والد صاحب ہیں لیڈر کے، کہاں پہ جاتے ہیں، اپنی ساری تعلیم کہاں پہ حاصل کرتے ہیں؟ ایچی سن کالج لاہور پنجاب، اپنے لئے ایک Role اور تقریباً آخری پچاس ساٹھ سالوں میں اگر انہوں نے ایک اچھا Institute بنایا ہے، ان کی لیڈر شپ کی فیملی سے ہی وہ پرنسپل، ایچی سن کالج لاہور پنجاب اسی فیملی سے ہے تو خود تعلیم حاصل کرنے کے لئے پنجاب اچھا ہے اور وہاں پہ یہ نہیں کہ ہم اپنے صوبے کے اداروں کو بہتر کرنے کے لئے خود وہاں پہ تعلیم حاصل کریں اور کرنا بھی نہیں چاہیئے کیونکہ اگر وہ پاکستان کا بہترین سکول تھا، Elite school تھا اور ان کی لیڈر شپ جو ہے وہ اس صوبے کے Elite، تو بالکل وہ جائیں تو پھر اگر اسی سٹینڈرڈ پہ ایک اچھا ممبر جو ہے وہ اسی صوبے کے Interest جس نے یہاں پہ شادی بھی کی ہو، جس کے بچوں کا پشتون بلڈ بھی ہو، ان کی ایک حکومت میں Chief Economist بھی ہو، اس صوبے میں پندرہ بیس سال کام بھی کیا ہو، اگر وہ اس صوبے کے فنانس منسٹر کی مدد کرے جس فنانس منسٹر کی خود اس کی Maternal fraternal ساری Lineage اس صوبے کی ہو تو مجھے یہ سیاست سمجھ میں نہیں آئی اور اگر صوبے سے اتنی وابستگی

ہے تو یہاں تو میں بالکل نہیں جانا چاہتا تھا لیکن انہوں نے تو Secular politics کا ابتداء ہی کیا، یہ تو وہی پارٹی ہے جس نے کہا تھا کہ دیکھیں کہ ہمیں نہ برصغیر کو تقسیم کرنا چاہیئے، ہمیں پاکستان کے ووٹ میں شامل بھی نہیں ہونا چاہیئے، ہم توانڈین نیشنل کانگریس ان کا جو جتنا میں بڑا احترام کرتا ہوں باچاخان صاحب جو ہیں وہ اس پختون قوم کے بڑے لیڈر ہیں لیکن ان کے اپنے جو ہیں وہ دوست، جو بانی تھے کون تھے؟ مہاتما گاندھی تھے، ان کا تو پنجاب لاہور چھوڑیں اسلام سے بھی تعلق نہیں تھا، تو جو ہمارے اپنے اصول جو ہمارا اپنا Background ہوتا ہے، ہمیں اس سے ہٹ کہ یہ چھوٹے پوائنٹس نہیں لانے چاہئیں۔ جناب سپیکر، یہ ضروری اس لئے ہے کہ اپنے لئے ایک اصول اور کسی اور کے لئے دوسرا اصول نہیں ہوسکتا، بلکہ یہ کہتے ہوئے میں On the record یہ بھی لانا چاہتا ہوں That I have the greatest respect for Bacha Khan, I have the greatest respect, because لوگوں کے اپنے اصول ہوسکتے ہیں، اپنا Perspective ہوسکتا ہے لیکن ہر کسی کی Efforts کو سراہنا چاہیئے۔ جناب سپیکر، فیصل زیب، ثناء اللہ صاحب، نثار صاحب، ان سب نے جو بات کی اپنے حلقوں کی، We will make sure کہ ہم ان سب کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں۔ آخر میں میں صرف، قبائلی اضلاع کے بارے میں ایک بڑی Passionate speech ہوئی، اس کے بارے میں میں تھوڑا سا ضرور وہ کہنا چاہونگا Let it be on the record again جو 37 ارب روپے Development کے سارے Spends ہیں، قبائلی اضلاع پہ Spends ہوئے اور ان شاء اللہ اس سال اس سے بھی زیادہ آئیں گے اور Last year جو ہے 37 ارب کبھی اتنے زیادہ پیسے نہیں آئے جناب سپیکر، جو خامیاں ہیں۔ جو Gapes ہیں وہ ضرور Identify کریں لیکن ہر چیز اس ملک کی زیادتی یا بعض کی زیادتی اس پہ نہ Blame کریں جناب سپیکر، یہ قبائلی اضلاع کو اس صوبے کے ساتھ ضم کرنے کے لئے ہم سب نے Efforts کیں، صرف گورنمنٹ کے نہیں ایک جو میرے اے این پی کے بھائی ہیں، انہوں نے بھی Effort کی ہے، اب اس Merger کو کامیاب بنانے کے لئے ہم سب نے مل کر کام کرنا ہے اور یاد رکھیں کہ اگر گورنمنٹ کی Commitment کی بات ہے تو آپ کے پاس صحت انصاف کارڈ ہے جو سارے یہ Settled اضلاع میں ہے، ان کے پاس نہیں ہے اور اس لئے نہیں ہے کیونکہ ہم جناب سپیکر، مانتے ہیں کہ ان کا حق پہلے آتا ہے جناب سپیکر، جو قبائلی اضلاع کے جو ایشوز ہیں ان کے ساتھ سیاست کرنا چاہیں گے، کیا وہ فاٹا چاہتے ہیں جو دس سال پہلے تھا، جہاں پہ کوئی اپنے گھر سے نہیں نکل سکتا تھا، جہاں پہ ہر روز جو Militancy کے حالات تھے وہ ایک دن میں ٹھیک نہیں ہوسکتے تھے،

یہاں پہ ایشوز ہونگے لیکن آج کے قبائلی اضلاع کے ڈسٹرکٹس دیکھیں اور 2010 کے دیکھیں، گیارہ کے دیکھیں بارہ کے دیکھیں، تیرہ کے دیکھیں، آپ کو خود فرق محسوس ہوگا، اس کے لئے ہماری فوج نے قربانیاں دی ہیں، قبائلی اضلاع کے ڈسٹرکٹس کے لوگوں نے قربانیاں دی ہیں، جو آپ کو لوگ Divide کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اس میں کسی نے نہیں آنا، ہم نے مل کر کام کرنا ہے۔ جیسے Last year ایک بڑا بجٹ دیا ہے اس سال اس سے بھی بڑا دیا، کوئی قبائلی اضلاع کے پیسے TDPs کی سیکورٹی میں نہیں گئے، اگر آپ کو Budgeting سمجھنی ہے، آئیں بیٹھیں آپ کو سمجھاتے ہیں، جو پورے ملک میں ایک Financial crisis تھا اس کی وجہ سے جو Gapes آئے ہیں وہاں پہ Shortfalls ہر جگہ آئی ہیں لیکن اس کے باوجود آپ کے لئے ہم نے چالیس ارب روپے جبکہ پچھلی گورنمنٹس میں پندرہ پندرہ، بیس بیس ارب روپے بھی آتے تھے یا نہیں آتے تھے اور پتہ نہیں کہاں پہ خرچ ہوتے تھے؟ تو یہ ضرور On the record آخری چیز آنی چاہیئے، یہ آپ کا پہلا بجٹ ہے، یہاں پہ جو قبائلی اضلاع کے ممبرز ہیں یاد رکھیں، آج آپ کو ایک آواز دی گئی ہے، پہلے کہاں پہ آپ بول سکتے تھے؟ اس آواز کو استعمال کریں، Positively استعمال کریں، جہاں پہ خامیاں ہیں بتائیں تاکہ ہم انکو ٹھیک کریں ان شاء اللہ، اس صوبے کا مستقبل بھی یہ ہے، قبائلی اضلاع کا مستقبل بھی یہ ہے کہ حالات جتنے بھی مشکل ہوں ہم انکا سامنا کرنا چاہتے ہیں، ہماری آپس میں Disagreements ہونگے بھی لیکن ہم اکٹھے ہونا بھی جانتے ہیں اور ہونگے اور آگے جو ہے، یہ جو کورونا وائرس کے مشکل حالات آئے ہیں، اسکا بھی مقابلہ کرینگے، اس سال میں ہم کوشش کرینگے کہ پورے پاکستان سے بہتر مقابلہ کریں، جو ہمارے ایشوز ہیں انکو Solve کریں اور امید ہے مجھے کہ جیسے ہم دن رات لگائیں گے کہ جس میں اپوزیشن ہماری مدد بھی کریگی، Constructive criticism بھی کریگی اور جو Atmosphere ہم نے ابھی Set کیا ہے اسکو ہم برقرار رکھتے ہوئے پورے پاکستان کیلئے ایک مثالی اسمبلی بنائیں گے۔ بہت بہت شکریہ، جناب سپیکر۔

Mr. Deputy Speaker: The sitting is adjourned till 24th June 2020, 02:00 pm Wednesday, afternoon.

(اجلاس بروز بدھ مورخہ 24 جون 2020ء بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہوگیا)